# انڈس ڈیلٹا

ورک شیٹ برائے سبق ۸

**تمنّائی جُملے:** وہ جُملہ ہے جس میں آرزو یا تمنّا کے معنی پائے جائیں، مثلاً: ''کاش میں ڈاکٹر بن جاتا'' یا ''مجھے اُمّید ہے کہ میں امتحان میں کامیاب ہو جاؤں گا۔''

**شکّیہ جُملے:** وہ جُملہ ہے جس میں شک، گمان یا غیر یقینی کیفیت کا اظہار کیا جاتا ہے، مثلاً: ''شاید آج بارش ہو جائے'' یا ''لگتا ہے امّی ناراض ہیں۔''

۱۔ دیے گئے تمنّائی الفاظ کے جُملے بنائیے۔

| الفاظ | تمنّائی جُملے |
|---|---|
| کاش | |
| میری تمنّا ہے | |
| اُمّید ہے | |
| میں چاہتا ہوں | |
| میری خواہش ہے | |

۲۔ دیے گئے شکّیہ الفاظ کے جُملے بنائیے۔

| الفاظ | شکّیہ جُملے |
|---|---|
| شاید | |
| ممکن ہے | |
| لگتا ہے | |
| ہوسکتا ہے | |
| امکان ہے | |

۳۔ نیچے دیے گئے جُملوں کو پڑھیے اور شکّیہ جُملے کے سامنے (✓) کا نشان لگائیے ۔

(ا) ہم کل اسکول گئے تھے۔ ☐

(ب) شاید وہ آج بیمار ہو۔ ☐

(ج) میں نے کل آم کھائے۔ ☐

(د) لگتا ہے جہاز آنے والا ہے۔ ☐

(ہ) امّید ہے کہ آج بارش ہو جائے گی۔ ☐

۴۔ نیچے دیے گئے جُملوں کو پڑھیے اور تمنّائی جُملے کے سامنے (✓) کا نشان لگائیے ۔

(ا) میں نے ایک نظم لکھی تھی۔ ☐

(ب) کاش میری سائیکل ٹھیک ہو جائے۔ ☐

(ج) اُمّید ہے کہ مریض کی طبیعت بہتر ہو جائے گی۔ ☐

(د) شاید ریل گاڑی چلی گئی۔ ☐

(ہ) میں چاہتا ہوں کہ میری مصوّری سب کو پسند آئے۔ ☐